رہبر معظم نےسعید جلیلی کو مجمع تشخیص مصلحت نظام کا رکن مقرر کردیا - 12 /Sep/ 2013

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اپنے ایک حکم میں سعید جلیلی کو مجمع تشخیص مصلحت نظام کا رکن مقرر کردیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے حکم کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جناب آقائ ڈاکٹر سعید جلیلی

اعلی قومی سلامتی کونسل کے سکریٹری کی حیثیت سے حالیہچند برسوں میں آپ کے گرانقدر تجربات کے پیش نظر اور جنابعالی کی خدمات و زحمات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے آپ کو مجمع تشخیص مصلحت نظام کے رواں دور میں رکن مقرر کرتا ہوں۔

خداوند متعال سے جنابعالی کی توفیقات کا طلبگار ہوں۔

سید علی خامنہ ای

21/شہریور/1392